حضرت امام حسین علیہ السلام کی عظیم قربانی کی یاد میں مجالس عزا کا انعقاد - 26 /Dec/ 2009

حسینیہ امام خمینی (رہ) اور اس کے اطراف کی سڑکوں پر رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی موجودگی میں شب عاشور کی مناسبت سے سید الشہداء حضرت امام حسین (ع) اور ان کے باوفا ساتھیوں کی عظیم الشان قربانی کی یاد مجلس عزا منعقد ہوئیاس مجلس میں عوام کے مختلف طبقات کے علاوہ ملک کے اعلی حکام نے بھی شرکت کی۔

خطباء و ذاکرین نے واقعہ کربلا کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور اہلبیت علیہم السلام کے فضائل و مصائب بیان کئے ۔

واضح رہے کہ مجلس عزا کا یہ سلسلہ7 محرم سے شروع ہے جو 12 محرم تک جاری رہےگا۔